کیا گیا۔ تب جاکر وہ حکم سنائے گئے۔ جو طبیعتوں اور رواج کے خلاف تھے۔ اس حکمت عملی کا نتیجہ یہ ہوا کہ جو کہا گیا فوراً تعمیل ہوگئی۔

(۶) تبلیغ کا چھٹا فارمولا وعظ حسنہ ہے۔ وعظ وہی حسن کہلائیگا۔ جس میں سننے والوں کی قابلیتوں کا لحاظ رکھا جائے جاہل کے سامنے منطقی دلائل پیش کرنا اور عالم کے سامنے حکم شرعیہ کی وجہ اور خوبی کا بیان نہ کرنا وعظ غیر حسن کہلائیگا۔ ہاں البتہ وعظ حسنہ کے لئے یہ ضروری ہے کہ جھوٹے قصے بے سروپا داستانیں بے سند روایات اور اسرائیلی خرافات وعظ میں شریک نہ کئے جائیں۔ صرف صحیح اور مسلمہ باتوں پر زور دینا چاہئے۔ غرضیکہ یہ سب ایسے فارمولے ہیں کہ اگر ان کو اختیار کیا جائے تو تبلیغ کا کام بڑے اعلیٰ پیمانے پر ہوسکتا ہے اور ہر مسلمان نہایت کامیاب مبلغ بن سکتا ہے ✤

بنو توحید کے دلدار دیکھو

(از جناب بدرالحسن صاحب سہسوانی)

یہ نظم آپ نے ایک مضمون کے ساتھ ارسال فرمائی ہے لیکن افسوس ہے کہ وہ مضمون چونکہ "محدث" کی روش کے خلاف ہے، اسلئے ہم اس کی اشاعت سے معذور ہیں۔ (ایڈیٹر)

بنو توحید کے دلدار دیکھو — خدا کا ہوگا تم پہ پیار دیکھو
حدیث سید ابرار دیکھو — پھلا پھولا ہے یہ گلزار دیکھو
محمد کا چلو دربار دیکھو — مدینہ کا دَرِ دُر بار دیکھو
شریعت پہ رہو قائم ہمیشہ — کہ جس سے ہوگا بیڑا پار دیکھو
نفاق و بدعت و شرک و تکبر — نہ ہونا ان سے تم دوچار دیکھو
لگے تو کا حسد کی، ہے بری تو — کہ شیطاں ہوگیا فی النار دیکھو
ابوبکرؓ و عمرؓ، عثمانؓ و حیدرؓ — اطاعت سے ہوئے سردار دیکھو
یہ سچا معجزہ فرمانِ رحماں — عیاں ہے احمد مختارؐ دیکھو

اگر بدرالحسن ہے عشق کامل
تصور میں جمالِ یار دیکھو